نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور: 02 جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کے تحت جاری منصوبوں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر سینٹرز کے قیام کے لیے جگہوں کا انتخاب کرلیا گیا ہے۔ ماڈل ایگریکلچر سینٹرز ساہیوال، ملتان، سرگودھا اور بہاولپور میں قائم کیے جائیں گے۔ان سینٹرز کے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پلان کو حتمی شکل کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ نے دی ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ زرعی گریجویٹس کی بھرتی کے لیے درخواستوں کی وصولی متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹرز زراعت توسیع کے دفتر میں کی جائے گی اور بھرتی کا عمل بھی اسی سطح پر مکمل کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ پیسٹی سائیڈ ڈیلرز اور ڈسٹری بیوٹرز کی رجسٹریشن کے عمل کی آٹومیشن کی جارہی ہے۔اس ضمن میں رجسٹریشن کے لیے فیس کی ادائیگی سمیت انسپیکشن و دیگر طریقہ کار کو آن لائن کیا جارہا ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ آن لائن سسٹم کو فنکشنل کرنے کے لیے ٹائم لائن کو فالو کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ آن لائن سسٹم کو متعارف کرانے کا مقصد شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔

☆☆☆☆